# DOLLY PARTON کی
# تخیّلی لائبریری

## اپنے بچے کے ساتھ مختلف زبانوں میں پڑھنا

اپنے بچے کے ساتھ پڑھنے اور مل کر کتابیں دیکھنے کے بہت سے فائدے ہیں اور چاہے بچہ کتنا ہی چھوٹا ہو، آپ اس کے ساتھ یہ سلسلہ شروع کر سکتے ہیں۔ ان تجربات سے بہت چھوٹی عمر سے ہی بچہ آوازوں، الفاظ اور زبان کے متعلق سیکھنے لگے گا اور اس کی سماجی اور جذباتی نشوونما میں بھی مدد ملے گی۔

اگر انگلش آپ کے گھرانے کی اوّلین زبان نہیں ہے تو فکر نہ کریں؛ اہم بات یہ ہے کہ آپ کو جو بھی زبان سب سے مناسب لگتی ہے، اس زبان کی کتابیں یا ملی جلی زبانوں کی کتابیں اپنے بچے کے ساتھ پڑھیں۔

## یہاں تخیّلی لائبریری کی کتابوں سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھانے کے لیے کچھ تجاویز دی جا رہی ہیں، چاہے آپ کوئی بھی زبان استعمال کریں:

پہلی بات، ایک آرام دہ اور خاموش جگہ تلاش کریں جہاں آپ کے کام میں رکاوٹ نہ پڑے۔ یہ آپ کا صرف اپنے اس بچے کے ساتھ خاص وقت ہے اور اگر آپ روزانہ یہ وقت استعمال کریں گے تو جلد ہی یہ ایک ایسا سلسلہ بن جائے گا جس کا آپ دونوں شوق سے انتظار کیا کریں گے۔

کتاب کا سرورق دیکھیں اور جو کچھ اس پر نظر آئے، اس کے بارے میں بات کریں۔ ہر چیز کا نام بولیں۔ اگر آپ کا بچہ اتنا بڑا ہے تو اس سے پوچھیں کہ اس کے خیال میں یہ کہانی کس بارے میں ہے۔

ایک ایک کر کے صفحے پلٹیں، تصویروں کو دیکھنے پر وقت لگائیں اور تصویروں کی روشنی میں اپنے الفاظ اور اپنی زبان میں کہانی سنائیں۔ یہ کام کرتے ہوئے اپنے بے بی کو کتاب کی طرف اشارہ کرنے، چھونے اور پکڑنے کی ترغیب دیں۔ اگر آپ کا بچہ تھوڑا بڑا ہے تو بچہ کتاب پکڑ کر صفحے پلٹ سکتا ہے۔

تصویروں کے متعلق بات کرتے ہوئے یا کہانی سناتے ہوئے اپنا لہجہ بدلنے کی کوشش کریں۔ اگر کتاب کی وجہ سے آپ کے ذہن میں کوئی گیت یا نظم آتی ہو تو اپنے بچے کے لیے نظم یا گیت کا کچھ حصہ گائیں۔

بڑے بچوں سے سوالات پوچھیں اور ان کے سوالات کا جواب دیں۔ اپنے بچے کے ساتھ کہانی کے کرداروں پر بات کریں اور یہ ذکر کریں کہ آپ کے خیال میں آگے کیا ہو گا۔

آسٹریلیا میں Dolly Parton کی تخیّلی لائبریری کے متعلق مزید معلومات کے لیے براہ مہربانی ہماری ویب سائیٹ دیکھیں:unitedway.com.au/imagination-library